# ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

## ہاؤس نمبر 3، بلاک پی، ڈیرہ غازیخان

ریفرنس نمبر: DGKCC&I/CIR/307/2024

مورخہ: 01 جون 2024

## کاروائی اجلاس ایگزیکٹو کمیٹی منعقدہ مورخہ 01 جون 2024

ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ایگزیکٹو کمیٹی کی ایک میٹنگ مورخہ 01 جون 2024 بروز ہفتہ بوقت 11:00 بجے دن چیمبر کے رجسٹرڈ آفس واقع ہاؤس نمبر 3، بلاک نمبر P ڈیرہ غازیخان میں صدر چیمبر جناب خواجہ محمد الیاس صاحب کی صدارت میں منعقد ہوئی۔ اجلاس میں درج ذیل اراکین نے شرکت فرمائی۔

**حاضری ممبران:-**

| | | |
|---|---|---|
| -1 | جناب خواجہ محمد الیاس | صدر |
| -2 | جناب مرزا محمد ظفر اقبال | سینئر نائب صدر |
| -3 | جناب سرمد سلیم خوجہ | نائب صدر |
| -4 | جناب شیخ محمد طارق اسماعیل قریشی | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -5 | جناب غلام مرتضٰی خان گورمانی | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -6 | جناب شیخ محمد آصف رزاق | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -7 | جناب سردار محمد علی خان دستی | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -8 | جناب محمد فردوس حمید خان | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -9 | جناب محمد شریف خان لغاری | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -10 | جناب مقبول الٰہی شیخ | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -11 | جناب حافظ محمد سیف اللہ خان پتافی | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |

**عدم حاضری درخواست:-**

| | | |
|---|---|---|
| -1 | جناب خواجہ محمد یونس | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -2 | جناب ڈاکٹر محمد شفیق خان | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry
SECRETARY GENERAL
D.G.Khan

| | | |
|---|---|---|
| -3 | جناب سردار شہباز علی خان نصوحہ | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -4 | جناب خواجہ محمد اصغر | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -5 | جناب مرزا محمد حماد اقبال | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -6 | جناب غلام عباس خان | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -7 | جناب بیرسٹر عباس علی خان نصوحہ | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -8 | جناب حاجی محمد ذوالفقار خان | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -9 | جناب ذکا اللہ خان | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -10 | جناب میاں حسین احمد فضل | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -11 | جناب خواجہ محمد نصر المحمود | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -12 | جناب عمر فاروق قریشی | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -13 | جناب سردار مقصود احمد خان علیانی | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -14 | محترمہ گل فاطمہ | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |

جناب ذوالفقار علی خان نصوحہ سابق صدر، جناب شیخ محمد زاہد نظام سابق سینئر نائب صدر، جناب مرزا محمد آصف اقبال سابق نائب صدر، جناب شیخ محمد نقیب صدر مرکزی انجمن تاجران ضلع ڈیرہ غازیخان، جناب سردار جان عالم خان لغاری سٹی صدر مرکزی انجمن تاجران ڈیرہ غازیخان، جناب شیخ محمد طاہر معراج، جناب حاجی محمد علی شیخ، جناب خورشید اقبال خان رند، جناب احسان کریم مہتر، ، جناب میاں محمد ایوب، جناب عبداللہ خان درانی، جناب ثنااللہ خان راجر، جناب محمد ابوبکر خان کھوسہ، جناب حاجی محمد زبیر نظامی، جناب ملک ظفر اقبال کھنڈوا، جناب ملک اعجاز حسین کھنڈوا اور جناب سید مجید گیلانی نے خصوصی دعوت پر شرکت فرمائی - صاحبِ صدر نے تمام اراکین کا انکی آمد پر شکریہ ادا کیا۔

**1- تلاوت کلام پاک**

اجلاس کی باقاعدہ کارروائی کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا۔ جناب شیخ محمد شارق معراج صاحب نے تلاوت کلام پاک کی سعادت حاصل کی۔

**حمد و نعت**

اجلاس میں تلاوت کلام پاک کے بعد جناب راشد احمد قادری صاحب نے حمد اور نعت رسول پاک پیش کی۔

SECRETARY GENERAL
D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry • D.G.Khan •

**2- سابقہ اجلاس ایگزیکٹو کمیٹی منعقدہ مورخہ 30-11-2023 کی کارروائی کی توثیق۔**

سیکریٹری جنرل نے جناب صدر چیمبر کی ہدایت پر مورخہ 30-11-2023 کے اجلاس کی کارروائی ایوان میں منظوری کیلئے پیش کی۔ جناب خواجہ محمد الیاس صاحب صدر ایوان نے سیکریٹری جنرل کو کارروائی پڑھ کر سنانے کی ہدایت کی جس پر محمد مجاہد ملک سیکریٹری جنرل نے سابقہ اجلاس کی کارروائی ہاؤس کے سامنے پڑھ کر سنائی سننے کے بعد حاضر اراکین مجلس عاملہ نے اتفاق کرتے ہوئے متفقہ طور پر پیش کردہ کاروائی کی توثیق کرتے ہوئے درج ذیل قرارداد منظور کر لی۔

**"قرارداد"**

"ہرگاہ ایوان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ منعقدہ مورخہ 30-11-2023 کی کارروائی جو سیکریٹری جنرل چیمبر نے ہاؤس میں پڑھ کر سنائی اس کی بااتفاق رائے سے توثیق کرتا ہے۔"

**3- چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سینئر نائب صدر جناب مرزا محمد ظفر اقبال کے والد سابق ممبر ایگزیکٹو کمیٹی اور سینئر ممبر جناب مرزا محمد اقبال صاحب۔ جناب محمد فردوس حمید خان ممبر ایگزیکٹو کمیٹی کے والد سینئر ممبر جناب محمد حمید خان صاحب، چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سابق ممبر ایگزیکٹو کمیٹی و سینئر ممبر جناب محمد اقبال صدیقی صاحب چیمبر کے سینئر ممبر جناب شاہد لطیف صاحب میسرز جنجوعہ بلڈنگ میٹریل سٹور مظفر گڑھ کے انتقال پر ان کے لواحقین اور پسماندگان سے اظہار تعزیت اور مرحومین کیلئے مغفرت اور بلندی درجات کی دعا۔**

سیکریٹری جنرل چیمبر محمد مجاہد ملک نے ایجنڈا کے مطابق کارروائی کو آگے چلاتے ہوئے جناب خواجہ محمد الیاس صاحب صدر ایوان کی اجازت ہاؤس کو بتایا کہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سینئر نائب صدر جناب مرزا محمد ظفر اقبال کے والد سابق ممبر ایگزیکٹو کمیٹی اور سینئر ممبر جناب مرزا محمد اقبال صاحب، جناب محمد فردوس حمید خان ممبر ایگزیکٹو کمیٹی کے والد سینئر ممبر جناب محمد حمید خان صاحب، چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سابق ممبر ایگزیکٹو کمیٹی و سینئر ممبر جناب محمد اقبال صدیقی صاحب اور چیمبر کے سینئر ممبر جناب شاہد لطیف صاحب میسرز جنجوعہ بلڈنگ میٹریل سٹور مظفر گڑھ کے انتقال پُر ملال پر ان سے ان کے ورثا اور پسماندگان اور لواحقین سے اظہار تعزیت اور ان کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی، مغفرت اور بلندی درجات کی دعا کیلئے آپ تمام حاضر اراکین سے درخواست ہے کہ ان کیلئے فاتحہ خوانی اور دعائے مغفرت فرمائیں اس پر اجلاس میں حاضر تمام شرکا نے مرحومین کے ایصال ثواب کے لئے قرآن خوانی کی اور فاتحہ پڑھی اور ان کی مغفرت اور بلندی درجات کی دعا کی۔ دعا کی گئی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کی مغفرت فرمائے۔ ان کے درجات بلند فرمائے ان کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے ان کی قبور پر اپنی رحمت کا نزول فرمائے ان کو پیارے آقا حضرت محمد کا قرب اور شفاعت نصیب فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے ان کے ورثا، لواحقین اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے (آمین ثم آمین)۔

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry • D.G.Khan •
SECRETARY GENERAL

4- ڈیرہ غازیخان مظفر گڑھ روڈ پر انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کی منظوری کے بارے میں پیش رفت۔

ڈیرہ غازیخان مظفر گڑھ روڈ پر انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کی منظوری کے بارے میں پیش رفت کے بارے میں جناب خواجہ محمد الیاس صاحب صدر ایوان نے ہاؤس کو بتایا کہ جیسا کہ آپ کو علم ہے اور با خوبی جانتے ہیں بہت محنت اور ان تھک کوششوں سے ڈیرہ غازیخان انڈسٹریل کے قیام کی نوید آپ کو میں نے سنائی تھی اس کیلئے جناب ناصر محمود بشیر کمشنر ڈیرہ غازیخان نے اپنی بھرپور دلچسپی لی انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کیلئے زمین بھی allocate کر دی تھی جس پر نگران وزیر تجارت جناب ایس ایم تنویر صاحب و دیگر وزراء نے وزٹ کر کے وزیراعلیٰ پنجاب کو منظوری کیلئے سفارشات بھی ارسال کر دی تھیں۔ لیکن اب اس پر کوئی کام ہوتا دکھائی نہیں دے رہا ہے سست روی کا شکار ہو رہا ہے اس کے لئے آج میرا خیال تھا اور میں یہ چاہتا تھا کہ اس سلسلے میں جناب کمشنر صاحب سے چیمبر کا وفد ملاقات کر کے ان سے مزید پیش رفت کے بارے میں معلوم کیا جائے۔

جناب سردار ذوالفقار علی خان نصوحہ صاحب سابق صدر نے فرمایا کہ ڈیرہ غازیخان میں انڈسٹریل کا قیام ایک اہم مسئلہ ہے۔ جس پر ہم نے اور ہمارے سینئرز نے ان تھک محنت کی ہے اس پر ہم خاموش نہیں رہ سکتے ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس کا یہ ایک دیرینہ مطالبہ ہے۔ جس کو ہم حاصل کرنے کے لئے ہر ممکن کوشش کریں گے اس پر سست روی نہیں ہونی چاہیئے ہم اس کو حاصل کرنے اور اس کے قیام کے لئے اپنی تمام کوششیں بروئے کار لائیں گے آپ تمام ممبران کو معلوم ہے کہ جناب خواجہ محمد یونس صاحب کی کوششوں سے اور ان کی ذاتی دلچسپی لینے کی وجہ سے ہی سابق صوبائی وزیر جناب ایس ایم تنویر صاحب ڈیرہ غازیخان اور مظفر گڑھ تشریف لائے تھے اور انہوں نے انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کے بارے میں بہت جلد اپنے دور میں جناب وزیراعلیٰ پنجاب سید محسن نقوی صاحب کے دست مبارک سے افتتاح کرانے کا فرمایا تھا لیکن ملک میں الیکشن 2024 فروری کے انعقاد کے بعد ہمارے اس منصوبے پر جناب ڈاکٹر ناصر محمود بشیر صاحب کمشنر ڈیرہ غازیخان اور صوبائی حکومت پنجاب کی طرف سے بالکل خاموشی ہو گئی ہے اس سے تو ہماری تمام تر کاوشوں پر پانی پھر جائے گا۔

جناب مرزا محمد ظفر اقبال صاحب سینئر نائب صدر نے جناب صدر صاحب اور اجلاس کے بتایا کہ ابھی پچھلے دنوں انڈسٹریز، کامرس، انوسٹمنٹ اینڈ سکلز ڈیویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ، حکومت پنجاب لاہور کے ڈپٹی ایڈوائزر کی طرف سے ایک لیٹر موصول ہوا جس کا جواب بھی ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی طرف سے بھجوا دیا گیا جو کہ ماحولیات کے بارے میں اور ری نیوایبل انرجی سورسز ان انڈسٹریز کے بارے اور دیگر incentives کے بارے میں تھا ان کے جوابات دے گئے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی منسٹری آف انڈسٹری اور انوسٹمنٹ کی طرف سے کہا گیا ہے کہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کو درپیش مسائل اور ان کے حل کے حوالے سے جون 2024 کے آخر تک صوبائی وزیر انڈسٹریز کے ساتھ میٹنگ منعقد کرائی جائے گی اس میں تمام درپیش مسائل اور ان کے حل کیلئے اور دیگر سہولیات فراہم کرنے کیلئے ایک جامع رپورٹ تیار کے وفاقی حکومت کی بھجوائی جائے گی۔

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry • D.G.Khan • SECRETARY GENERAL

اس سلسلے میں میری تجویز ہے چیمبر کی طرف سے منسٹری انڈسٹری، کامرس اور انوسٹمنٹ پنجاب کو منسٹر کے ساتھ میٹنگ کے لئے لکھا جائے۔ خاص طور پر ڈیرہ غازیخان مظفر گڑھ روڈ پر انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کے بارے میں جو مسائل درپیش ہیں ان کے حل کیلئے لکھا جائے۔ چونکہ حکومت پنجاب یہ موقع خود فراہم کر رہی ہے اس سے فائدہ اٹھایا جائے اور اس بارے میں وہ محکمانہ تفصیلی رپورٹ تیار کر کے حکومت پنجاب اور وفاقی حکومت کو بھجوائیں تاکہ ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس کو انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام میں درپیش مسائل کو حل کیا جائے۔

اس پر جناب خواجہ محمد الیاس صاحب نے فرمایا کہ میری ایک تجویز ہے انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کے لئے اور اس کے معاملات میں تیزی لانے اور پیش رفت کے بارے میں جناب سردار ذوالفقار علی خان نصوحہ کی قیادت میں ایک کمیٹی تشکیل دی جائے جس کے چیئرمین سردار صاحب اور ان کے ساتھ جناب مرزا محمد ظفر اقبال صاحب سینئر نائب صدر، جناب سرمد سلیم خوجہ نائب صدر، جناب شیخ محمد طارق اسماعیل قریشی صاحب سابق سینئر نائب صدر اور ان کے ساتھ جو وہ مناسب سمجھیں ان کو اس کمیٹی میں بطور ممبر شامل کر لیں۔ یہ کمیٹی مل کر جناب کمشنر صاحب، ضلعی وصوبائی حکومت کے نمائندگان، صوبائی سیکریٹری انڈسٹریز کے ساتھ ملاقات کر کے انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کیلئے اپنی کوششیں کریں اور جہاں میری اور جناب خواجہ محمد یونس صاحب کی مدد درکار ہو ہمیں بتائیں گے ہم اپنی طرف سے کوئی کمی نہیں رکھیں گے اور بھرپور کوشش سے آپ کے ساتھ ہر ممکن تعاون کریں گے۔ اس پر جناب سردار صاحب نے ہاؤس کو بتایا کہ میں اپنے دور میں پنجاب انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کیلئے حکومت پنجاب کی طرف سے پنجاب انڈسٹریل اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کمپنی کا آفس ہے جہاں انڈسٹریل کے قیام اور ڈویلپمنٹ کے حوالے سے کام ہوتا ہے میں لاہور سے ان کے آفس سے پہلے تمام معلومات حاصل کروں گا کہ ڈیرہ غازیخان، مظفر گڑھ انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کا پراسس کہاں تک پہنچا ہے اور اس کی کیا پوزیشن ہے یہ سارا کچھ جاننے کے بعد اس کے مطابق ہماری کمیٹی اور ادارہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اس پر کام کرے گا کہ اگر کوئی سست روی ہو رہی ہے تو اس کو کیسے دور کیا جائے۔

اس پر اجلاس میں حاضر تمام اراکین نے جناب صدر صاحب کی کمیٹی قائم کرنے کی تجویز کی تائید کی اور کہا کہ آپ یہ کمیٹی فوری طور پر تشکیل دیں تاکہ کمیٹی فوری طور پر اس کے قیام کے سلسلے میں اپنی کوششیں شروع کر دے اور اس پر ہاؤس اپنی طرف سے انہیں یہ اختیار دیتا ہے اس پر فوری طور پر دلچسپی لے کر کام شروع کیا جائے اور اس سلسلے میں جہاں ہمارے تعاون کی ضرورت ہو ہم اور ہمارے صدر صاحب جناب خواجہ محمد الیاس سے ہر وقت تیار ہیں اور ہر ممکن مدد کریں گے۔

فیصلہ:-

اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ڈیرہ غازیخان مظفر گڑھ انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کیلئے جناب سردار ذوالفقار علی خان نصوحہ سابق صدر کی قیادت میں ایک کمیٹی تشکیل دی جائے جس کے سردار ذوالفقار علی خان نصوحہ چیئرمین ہوں گے جناب مرزا محمد ظفر اقبال صاحب سینئر نائب صدر، جناب سرمد سلیم خوجہ صاحب نائب صدر، جناب شیخ محمد طارق اسماعیل قریشی سابق سینئر نائب صدر بطور ممبر ہوں گے۔ یہ کمیٹی انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کے بارے میں پیش رفت کا جائزہ لے گی اور اس کے قیام میں رکاوٹ اور سست روی میں درپیش مسائل کو حل کرانے کی کوشش کرے گی۔

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry SECRETARY GENERAL

اس سلسلے میں مسائل کے حل کیلئے جناب کمشنر صاحب، صوبائی وزیر انڈسٹریز ودیگر صوبائی وزرااور وزیر اعلیٰ پنجاب کے ساتھ چیمبر کے وفد کی صورت میں ملاقات کر کے ان کو حل کرانے کی کوشش کرے گی اور اس سلسلے میں جہاں بھی ضرورت ہوگی اور جو بھی جناب خواجہ محمد الیاس صاحب صدر چیمبر اور چیمبر کے پیٹرن ان چیف جناب خواجہ محمد یونس صاحب سے مدد اور تعاون اور رہنمائی کی ضرورت ہوگی وہ اس کمیٹی کے ہمیشہ ساتھ ہوگی۔ کمیٹی کی بھر پور کوشش ہوگی ڈیرہ غازیخان میں انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کا دیرینہ خواب شرمندہ تعبیر ہو۔

**5- ملک کے موجودہ معاشی واقتصادی حالات کے بارے میں غور وخوض اور ڈیرہ غازیخان میں امن وامان کی صورتحال پر غور۔**

جناب خواجہ محمد الیاس صاحب صدر ایوان نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ سیکریٹری جنرل ڈیرہ غازیخان کے امن وامان کی بات کرتے ہیں اور اس کو ایجنڈا میں بھی شامل کیا ہے کیا امن وامان پورے ملک کا مسئلہ نہیں ہے صرف ڈیرہ غازیخان میں امن امان کا مسئلہ نہیں یہ پورے ملک کا مسئلہ ہے پورا ملک ان مسائل سے دوچار ہے اگر ہمارے ملک کی پولیس ٹھیک ہوجائے تو پورے ملک میں امن وامان کا مسئلہ حل ہوجائے گا اگر پولیس ایماندار ہوگی تو پورا نظام ٹھیک ہوجائے گا اس وقت پورے ملک میں امن وامان کا مسئلہ بنا ہوا ہے جب تک ہماری پولیس اور ادارے ٹھیک نہیں ہوں گے امن کا امان کا مسئلہ حل نہیں ہوسکتا۔ ڈیرہ غازیخان ڈویژن اور ڈیرہ غازیخان شہر کے امن وامان کے حوالے سے ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی طرف سے عوام الناس اور تاجر برادری اور دیگر شعبہ ہائے زندگی میں درپیش مسائل اور امن وامان کی صورتحال کے پیش نظر جناب آر پی او صاحب، جناب ڈی پی او صاحب، جناب کمشنر صاحب اور ضلعی انتظامیہ کو ان کے حل کیلئے لیٹر لکھیں تا کہ عام شہریوں اور کاروباری لوگوں کو جو مسائل درپیش ہیں ان کو حل کیا جائے اور لوگ سکھ کا سانس لے سکیں۔

جناب خواجہ محمد الیاس صاحب صدر ایوان نے مزید فرمایا کہ ایک تو قرارداد پاس کی جائے اور دوسرا جناب کمشنر صاحب کو چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی طرف سے لیٹر لکھا جائے کہ ڈیرہ غازیخان شہر کے امن وامان قائم رکھنے کیلئے ڈیرہ غازیخان شہر کو سیف سٹی بنایا جائے ڈیرہ غازیخان شہر کے اندر مختلف راستوں، مین مارکیٹس، مین بازار شہر کے داخلی اور خارجی راستوں پر کیمرے لگائے جائیں اور ان کو مکمل طور پر فعال رکھا جائے۔

جناب سردار ذوالفقار علی خان نصوحہ نے اجلاس کو بتایا کہ ہم نے جناب خواجہ محمد الیاس صاحب صدر ایوان کے کہنے پر جناب آر پی او صاحب اور ڈی پی او صاحب کو چیمبر کی طرف سے لیٹرز بھی لکھے ان کی کاپیاں جناب وزیر اعلیٰ پنجاب اور آئی جی پنجاب پولیس کو بھی بھیجیں۔ جس پر جناب ڈاکٹر عثمان انور صاحب آئی جی پنجاب نے جناب آر پی او صاحب کو لیٹر بھی لکھا جس میں انہوں ڈیرہ غازیخان شہر میں امن و امان کو کنٹرول میں رکھنے کیلئے شہر میں داخلی اور خارجی راستوں اور شہر کی دیگر مین مارکیٹس میں کیمرے نصب کرنے کی ہدایات جاری کیں ہیں ان کے اس لیٹر کی کاپی آفس میں بھی موجود ہے۔

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry * D.G.Khan *
SECRETARY GENERAL

اس حوالے سے ہم نے ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی طرف سے جناب آر پی او صاحب اور جناب ڈی پی او صاحب سے ان کے آفس میں میٹنگز کی ہیں ان میٹنگ میں عام شہریوں اور کاروباری لوگوں، تاجر برادری کو درپیش مسائل کی بارے میں بتایا، ابھی کچھ دن پہلے ڈیرہ غازیخان چیمبر نے اپنے اعلیٰ عہدیداران، ممبران ایگزیکٹو کمیٹی اور تاجران کے نمائندگان اور مختلف بازار اور مارکیٹس کے صدور کے ساتھ نئے ڈی پی او جناب سید علی صاحب سے پولیس لائزون کی میٹنگ بھی کی جس میں انہیں تفصیلی طور پر درپیش مسائل، چوری ڈکیتی، گشت اور دیگر مسائل سے آگاہ کیا اس میٹنگ میں جناب مرزا محمد ظفر اقبال صاحب سینئر نائب صدر، جناب سرمد سلیم خوجہ صاحب نائب صدر اور ہمارے سابق سینئر نائب صدر جناب شیخ محمد طارق اسماعیل صاحب جو چیمبر کی طرف سے پولیس لائزون کمٹی کے فوکل پرسن بھی ہیں شریک ہوئے تھے۔ جناب شیخ صاحب نے کوشش کر کے CPLC کی یہ میٹنگ کرائی جس میں شہر کے تاجران اور چیمبر کے ایگزیکٹو ممبران نے شرکت کی اور درپیش مسائل کے بارے میں جناب ڈی پی او صاحب کو آگاہ کیا۔ چیمبر کا کام لوگوں کو بیدار کرنا ہے ان کے مسائل کے حل کے لئے آواز اٹھانا ہے اور بار بار کوشش کرنا ہے تاکہ لوگوں اور تاجروں برادری کو درپیش مسائل فوری طور پر حل کئے جائیں ہماری طرف سے مکمل کوشش ہے ان مسائل کو مستقل طور پر حل کیا جائے۔ جناب شیخ محمد طارق اسماعیل قریشی صاحب سینئر نائب صدر نے جناب ڈی پی او صاحب سے CPLC کے بنانے کا بھی چیمبر طرف سے مطالبہ کیا ہے چیمبر کی طرف سے شیخ محمد طارق اسماعیل قریشی صاحب پولیس لائزون کمیٹی کے فوکل پرسن بھی ہیں آج سے کچھ سال پہلے ڈیرہ غازیخان شہر کے لوگوں اور تاجر برادری کے مسائل کے حل کیلئے CPLC کمیٹی بنائی کی گئی تھی اس وقت دوبارہ کمیٹی بنائی جائے اس پر جناب ڈی پی او صاحب سید علی شاہ صاحب نے کہا کہ چیمبر کی طرف سے نامزد پانچ چھ ارکان پر مشتمل ایک لیٹر مجھے بھجوائیں میں ان میں مزید پولیس آفیسر شامل کر کے CPLC کمیٹی بنانے کے آرڈر کرتا ہوں اس کمیٹی کا مقصد تاجروں کے مسائل کا فوری حل ہے۔ جناب سردار صاحب نے مزید کہا کہ چیمبر کے بس میں بار بار کوشش کرنا ہے جو کہ ہم کر رہے ہیں ہماری طرف سے کوئی کمی نہیں ہے اور ہم ہر وقت چیمبر کے ممبران اور تاجران کے مسائل کے حل کیلئے تیار ہیں اور ہم انسانی حد تک اپنا مافی الضمیر پہنچانے کی کوئی کمی نہیں کی اور نہ کریں گے۔

جناب شیخ محمد طارق اسماعیل قریشی صاحب نے شہر ڈیرہ غازیخان میں ناجائز تجاوزات کے خاتمے اور شہر میں ٹریفک کو کنٹرول کرنے کے حوالے سے جناب ڈی پی او صاحب سے کہا کہ جناب اے سی صاحب اور ڈی ایس پی ٹریفک کے ساتھ ڈیرہ غازیخان چیمبر میں میٹنگ کرنے کا وقت دیں جس میں ڈیرہ غازیخان شہر کے مختلف بازار اور مارکیٹس کے صدور کو دعوت دیں گے ان آفیسران کے ساتھ مل تجاوزات کے خاتمے اور ٹریفک کو کنٹرول کرنے کا طریقہ کار وضع کریں گے جس پر عمل کر کے پرامن طور پر ان مسائل سے چھٹکارا حاصل کیا جائے اور ان مسائل کا مستقل طور پر حل نکالا جائے۔ جناب شیخ صاحب بتایا کہ ہماری اس تجویز پر جناب ڈی پی او صاحب نے فوری طور پر چیمبر آفس میں تاجران اور چیمبر آف کامرس کے عہدیداران کے ساتھ میٹنگ کی تجویز قبول کی اور جناب اے سی صاحب اور ڈی ایس پی ٹریفک کو ہدایات جاری کیں۔

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry
SECRETARY GENERAL

جناب مرزا محمد ظفر اقبال صاحب سینئر نائب صدر نے ہاؤس کو بتایا کہ جناب ڈی ایس پی ٹریفک نے جمعۃ المبارک کے دن میٹنگ کرنے سے معذرت کر لی میں جمعہ کے دن میٹنگ نہیں کرسکتا میری چھٹی ہوتی ہے اس پر جناب ڈی پی او صاحب نے کہا کہ میں ہر وقت حاضر ہوں ہماری تو چوبیس گھنٹے کی ڈیوٹی ہوتی ہے ہمارا چھٹی سے کوئی تعلق نہیں ہے اور نہ ہی ہمارے فرائض ہمیں چھٹی کرنے کی اجازت دیتے ہیں۔ لیکن پھر بھی آپ آپس میں مسائل کے حل کیلئے ایک دوسرے کے مشورے سے میٹنگ کی تاریخ اور وقت مقرر کر لیں۔ جناب صدر صاحب نے فرمایا کہ پولیس کی چھٹی کا کوئی جواز ہی نہیں بنتا۔ عوام اور کاروباری لوگوں کے جان و مال اور امن و عامہ کیلئے انہیں ہر وقت ہر حاضر رہنا ہے کیونکہ ریاست اور عوام کی حفاظت ان کی اولین ترجیح اور ذمہ داری ہے اور یہ ان کے فرائض میں شامل ہے۔

صدر جناب خواجہ محمد الیاس صاحب اور ہاؤس کو بتایا گیا ہے جناب ڈی پی او صاحب سے میٹنگ کے دوران شہر میں دن اور رات کے اوقات کار میں گشت کا نظام موثر کرنے کی درخواست کی اور خاص طور پر صرافہ بازار، موبائل مارکیٹ، موٹر سائیکل مارکیٹ، صدر بازار اور لیاقت بازار میں گشت کا نظام بہتر کیا جائے اور ان بازاروں اور مارکیٹس میں کیمرے نصب کئے جائیں اس سلسلے میں حکومت اور پولیس کو جو تعاون درکار ہوگا وہ تاجران اور چیمبر آف کامرس کے نمائندگان ہر وقت دینے کو تیار ہیں اور حاضر ہیں۔

جناب سردار عالم خان لغاری صاحب نے بتایا کہ میں نے چوریوں، ڈکیتیوں، موٹر سائیکل اور موبائل فون چھیننے کو کنٹرول کرنے کی بات کی اور مطالبہ کیا کہ شہر کے اندر بازاروں اور مختلف چوراہوں پر ناکے لگائیں جائیں جس پر جناب ڈی پی او صاحب نے خصوصی انتظامات کرنے کی ہدایات دیں۔ ان کی ہدایات کے بعد میں نے دیکھا ناکے بھی لگائے گئے۔ وہاں پولیس کی گاڑیاں اور پولیس والے بھی موجود ہوتے ہیں وہ یا تو شہریوں کو اور لوگوں کو ناجائز طور پر تنگ کرتے ہیں یا پھر سکون کے ساتھ بیٹھ کر گاڑیوں کے اندر موبائل کے ساتھ مصروف ہوتے ہیں اس کا کوئی خاطر خواہ فائدہ نہیں ہوا۔ اس پر جناب ڈی پی او صاحب سے دوبارہ بات کی جائے یا پھر چیمبر میں جو میٹنگ منعقد ہوگی جس میں پولیس آفیسران اور جناب اے سی صاحب تشریف لائیں گے ان سے بات کی جائے تاکہ دن اور رات کے اوقات کار میں گشت کو موثر بنایا جائے اور چوراہوں پر لگے ناکوں پر پولیس کو الرٹ رہنے کا حکم دیا جائے۔

اس پر جناب خواجہ محمد الیاس صاحب نے فرمایا کہ جناب آر پی او صاحب اور ڈی پی او صاحب کو تحریری طور پر لیٹر لکھا جائے جس میں ان مسائل کی نشاندہی کی جائے یا فوری طوری پر چیمبر کے دفتر میں میٹنگ بلائی جائے جس میں اے سی صاحب اور ڈی ایس پی ٹریفک اور دیگر پولیس آفیسران کو دعوت دی جائے اور ان سے ان مسائل پر بات کی جائے۔ اس پر جناب شیخ محمد طارق اسماعیل صاحب نے فرمایا کہ ان کی کچھ مصروفیات ہیں میں جناب ڈی پی او صاحب اور ان آفیسران کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہوں میں نے آج بھی میٹنگ کرنے کے حوالے سے رابطہ کیا ہے بتایا گیا ہے آج پولیس آفیسران اور انتظامیہ کی ایم این اے اور ایم پی اے صاحبان کے ساتھ میٹنگ ہے فارغ ہونے کے بتائیں گے میرا خیال ہے کہ شاید اسی ہفتے کے دوران منگل یا بدھ کو چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے آفس میں میٹنگ ہوگی۔

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry • D.G.Khan
SECRETARY GENERAL

جناب صدر صاحب نے فرمایا کہ اس میٹنگ میں جو معاملات اور مسائل زیر بحث آئیں اور ان کے حل کے بارے جو بھی اقدامات اٹھائیں جائیں ان کے بارے میں آپ مجھے اور ایگزیکٹو کمیٹی کو آگاہ فرمائیں گے۔ اس پر ہاؤس میں حاضر اراکین نے اطمینان کا اظہار کیا اور جناب صدر صاحب کی کوششوں کو سراہا اور ان کا شکریہ ادا کیا۔

**6- کوئٹہ روڈ فیڈر کی طرف سے روزانہ کی بنیاد پر غیر اعلانیہ طویل لوڈ شیڈنگ کی وجہ کاروباری و صنعتکار برادری تنگ سرور روڈ ڈیرہ غازیخان پریشان ہے لوڈ شیڈنگ کے خاتمے کیلئے میپکو کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا جائے۔**

جناب خواجہ محمد الیاس صاحب نے سیکریٹری چیمبر سے دریافت کیا کہ میں نے آپ سے پوچھا تھا کہ ڈیرہ غازیخان میں لوڈ شیڈنگ کیوں ہو رہی ہے لیکن آپ نے جواب دیا تھا کہ لوڈ شیڈنگ بالکل ہی نہیں ہو رہی پھر یہ کیا ہے۔ اس پر سیکریٹری چیمبر نے جواب دیا کہ اس وقت ڈیرہ غازی خان شہر اور گردونواح میں لوڈ شیڈنگ نہیں ہو رہی یہ صرف ایک کوئٹہ روڈ فیڈر ہے جہاں لوڈ شیڈنگ ہو رہی ہے وہ بھی مسئلہ ہمارے سینئر نائب صدر جناب مرزا محمد ظفر اقبال صاحب نے پوائنٹ آؤٹ کیا ہے وہ ہی بتا سکتے ہیں کہ کوئٹہ روڈ پر لوڈ شیڈنگ کیوں ہو رہی ہے۔ اس پر جناب مرزا محمد ظفر اقبال صاحب نے جناب صدر صاحب اور ہاؤس کو آگاہ کیا کہ کوئٹہ روڈ فیڈر پر بھی لوڈ شیڈنگ نہیں ہو رہی یہ صرف محکمہ مختلف حیلے بہانوں سے لوڈ شیڈنگ کر رہا ہے اور اس کو لوڈ شیڈنگ کا نام بھی نہیں دیتے گھنٹوں بجلی بند رہتی ہے وہ بھی بغیر کسی جواز کے اور بغیر وجہ بتائے۔ اور جب بھی واپڈا آفس فون کر کے پتہ کیا جاتا ہے تو بتایا جاتا ہے کہ علاقے میں کام ہو رہا ہے اور کام کرنے والے اس کا پرمٹ لے کر گئے ہیں اس طرح روزانہ کی بنیاد پر بغیر کسی وجہ کہ لائٹ بند رہتی ہے اور اس کا کوئی پرسان حال نہیں۔ اس سے یہ کوئٹہ روڈ ایک انڈسٹریل فیڈر ہے جس پر کافی تعداد میں انڈسٹری لگی ہے جس کی پروڈکشن متاثر ہو رہی ہے اور اس کا انڈسٹری اور فیکٹری مالکان کو کافی بھاری نقصان ہو رہا ہے۔

اس پر جناب خواجہ محمد الیاس صاحب صدر چیمبر نے سیکریٹری چیمبر کو ہدایت کی کہ چیمبر آف کامرس کی طرف سے ایس ای واپڈا کو فوری طور پر تحریری لیٹر لکھیں جس میں لوڈنگ شیڈنگ کی وجہ دریافت کی جائے اور فوری طور پر اس کو ختم کرنے کا مطالبہ کیا جائے اور اس کو پریس میں بھی دیا جائے تاکہ فوری طور پر اس غیر اعلانیہ، بے جا اور طویل لوڈ شیڈنگ کا خاتمہ کیا جائے۔ اور ساتھ ہی سیکریٹری چیمبر کو فوری طور پر رپورٹ کرنے کی بھی ہدایت کی۔ اگر لوڈ شیڈنگ کا خاتمہ نہ ہوا تو کوئٹہ روڈ فیڈر کی لوڈ شیڈنگ کے خاتمے کے مسئلہ کے حل کیلئے میں پھر خود جناب چیف ایگزیکٹو میپکو ملتان سے بات کروں گا۔

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry • D.G.Khan • SECRETARY GENERAL

7- ملک میں بجلی اور سوئی گیس کے نرخوں میں اضافہ کی وجہ سے عام شہریوں اور کاروباری لوگوں میں تشویش پائی جاتی ہے اس پر غور وخوض اور قیمتوں میں فوری طور پر کمی کا مطالبہ۔

جناب خواجہ محمد الیاس صاحب صدر ایوان نے فرمایا کہ ملک میں بجلی اور سوئی گیس کے نرخوں میں اضافہ کی وجہ سے عام شہریوں میں پریشانی اور تشویش پائی جاتی ہے حقیقت تو یہ حکومت کو ان کی قیمتوں میں اضافہ کرتے وقت عام لوگوں کے بارے میں سوچنا چاہیئے ملک میں اس وقت مہنگائی اس قدر بڑھ چکی ہے کہ عام آدمی کا جینا محال ہو چکا ہے لوگوں کی قوت خرید جواب دے چکی ہے ان بے چارے لوگوں کا کوئی پرسان حال نہیں ہے بجلی اور گیس کے بلوں میں اتنا اضافہ کر دیا گیا ہے عام آدمی بل ادا کرنے کی سکت ہی نہیں رکھتا لوگوں کا جینا مشکل ہو گیا ہے بے روزگاری اتنی بڑھ چکی ہے عام آدمی خودکشی کرنے پر مجبور ہیں حالانکہ حکومت کو چاہیئے تھا کہ جن لوگوں کے ماہانہ دو سو یونٹ صرف ہوتے ہیں ان کو اپنے اعلان کے مطابق بجلی فری دی جائے اور تین سو یونٹ سے زیادہ خرچ والوں سے مناسب قیمت میں بل وصول کئے جائیں۔لیکن حکومت کا اس طرف کوئی خیال ہی نہیں ہے آئے روز بجلی کے بلوں میں فی یونٹ کے حساب اضافہ کیا جا رہا ہے جو کہ عام لوگوں کے بس سے باہر ہے ملک کی عوام بل کم کرنے کے بارے میں بات کرتی لیکن حکومت میں مزید اضافہ کرتی جا رہی ہے۔جناب صدر صاحب نے فرمایا کہ میری ایک تجویز ہے آج کے اس اجلاس میں ،متفقہ طور پر ایک قرارداد پاس کی جائے جس میں حکومت پاکستان اور وزیر اعظم پاکستان سے مطالبہ کیا جائے کہ ملکی معاشی حالات بہتر بنانے کیلئے بنکوں کے شرح سود میں کمی کی جائے ،بجلی اور گیس کے بلوں میں جو آئے روز اضافے کئے جا رہے ہیں ان کا سدباب کیا جائے اور فوری طور پر ان میں کمی لائی جائے ابھی حکومت نے جو بجلی کے نرخوں میں تین روپے پچیس پیسے کا اضافہ کیا ہے اسے فوری طور پر واپس لے اس پر عوام کو بہت زیادہ تشویش ہے، جناب صدر صاحب نے مزید کہا کہ ایک طرف ملکی معیشت انتہائی زبوں حالی کا شکار ہے اور دوسری طرف بجلی اور گیس کے نرخ بڑھا کر عوام کو مزید ابتری کی طرف دھکیلنے کا ایک سنگین قدم ہے۔ جناب صدر صاحب کی اس تجویز کی تائید کرتے ہوئے ہاؤس نے متفقہ طور پر بنک کے شرح سود میں کمی ،بجلی اور گیس کے نرخوں میں اضافے کو فوری طور پر واپس لینے کی درج قرارداد پاس کی جو کہ درج ذیل ہے۔

## "قرارداد"

ہر گاہ طے کیا جاتا ہے ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ایگزیکٹو کمیٹی متفقہ طور پر اس قرارداد کی منظوری دیتی ہے اور حکومت پاکستان اور وزیر اعظم پاکستان سے یہ مطالبہ کرتی ہے کہ ملکی معاشی حالات بہتر بنانے کیلئے بنکوں کی شرح سود میں کمی کی جائے بجلی اور گیس کے بلوں میں جو آئے روز اضافہ ہو رہا ہے اس کا سدباب کیا جائے اور فوری طور پر اس اضافے کو واپس لیا جائے۔بجلی کے بلوں میں جو حالیہ تین روپے پچیس پیسے کا اضافہ کیا گیا اس پر عوام کو تشویش ہے اسے فی الفور واپس لیا جائے کیونکہ اس وقت ملکی معیشت زبوں حالی کا شکار ہے اور دوسری طرف بجلی اور گیس کے نرخوں میں اضافہ عوام کو مزید ابتری کی طرف دھکیلنے کا ایک سنگین قدم ہے اس قرارداد کے ذریعے یہ مطالبہ کیا جاتا ہے اس اضافے اور بنکوں کے شرح سود میں فوری کمی لائی جائے۔

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry
SECRETARY GENERAL
D.G.Khan

8- ڈیزل اور پٹرول کی قیمتوں میں کمی کی وجہ سے لوہا، سریا، ریت، بجری اور تمام تعمیراتی میٹریل سستا ہونے کے باوجود سیمنٹ کی قیمتوں میں آئے روز اضافہ ہو رہا ہے جس کی وجہ سے عام شہری اور کاروباری برادری میں تشویش پائی جاتی ہے حکومت پاکستان، وزیراعظم پاکستان سے سیمنٹ کے ریٹ میں فوری کمی کا مطالبہ۔

جناب خواجہ محمد الیاس صاحب صدر چیمبر نے ہاؤس کو بتایا کہ اس وقت ملک میں ڈیزل، پٹرول کی قیمتوں میں کمی کی وجہ سے لوہا، سریا، ریت، بجری اور تمام تعمیراتی میٹریل سستا ہونے کے باوجوس سیمنٹ کی قیمتوں میں آئے روز اضافہ ہو رہا سیمنٹ کی بوری کی قیمت اس وقت تقریباً ساڑھے بارہ سو روپے ہے جس کی وجہ سے عام شہری اور کاروباری برادری میں تشویش پائی جاتی ہے ہر چیز سستی ہونے کے باوجود سیمنٹ کی قیمت میں اضافہ یہ عوام کے ساتھ زیادتی اور ظلم کے برابر ہے میرا خیال ہے کہ سیمنٹ کی قیمت میں اضافہ کے خلاف قرارداد پاس کی جائے جس میں متفقہ طور پر حکومت پاکستان اور وزیراعظم پاکستان سے مطالبہ کیا جائے کہ سیمنٹ کی قیمتوں میں کمی جائے اور اضافہ فوری طور پر واپس لیا جائے۔

جناب صدر صاحب کی اجازت سے جناب سردار ذوالفقار علی خان نصوحہ صاحب سابق صدر نے فرمایا کہ میری تجویز ہے حکومت کو مہنگائی ختم کرنے کیلئے ٹارگٹڈ سبسڈی دینی چاہئے حکومت پٹرول اور بجلی پر ٹارگٹڈ سب سڈی دے کیونکہ پٹرول، بجلی اور کھانے پینے کی اشیا خاص طور پر آٹا اور گھی پر فوری طور پر سب سڈی دے کیونکہ اس سے غریب اور امیر طبقہ بہت پریشان ہے حکومت کو اپنے فیصلوں پر اور جو ٹیکس لگائے ان پر نظر ثانی کرنے کی ضرورت ہے اس وقت سیمنٹ کی بوری کی قیمت بارہ سو روپے سے زیادہ ہے سوال یہ پیدا ہوتا ہے سیمنٹ پر حکومت کا کیا خرچہ آتا ہے پتھر مفت ملتا ہے اور ٹیکس اتنا بڑھا دیا ہے کہ سیمنٹ اب قوت خرید سے باہر ہے۔ اگر حکومت پاکستان اس کی قیمتوں میں کمی کر دے تو اس پر حکومت کو کیا فرق پڑے گا۔

جناب شیخ محمد طارق اسماعیل قریشی صاحب سابق سینئر نائب اور ممبر ایگزیکٹو کمیٹی نے کہا کہ حکومت نے پٹرول کی قیمتوں میں پندرہ روپے کی کمی کا اعلان کیا جو سارا دن ٹیلی ویژن پر خبر چلتی رہی لیکن بعد میں دوبارہ اعلان کیا کہ پندرہ روپے کی کمی کا اعلان غلطی سے کیا گیا ہے اصل کمی 4 روپے 74 پیسے کی کی گئی۔ اس پر جناب صدر نے فرمایا کہ ہم نے سمجھا کہ حکومت نے عوام کی خوش کرنے کیلئے بہت بڑا ریلیف دیا ہے اس پر ہر آدمی خوش تھا لیکن بعد میں جو دوبارہ اعلان کیا گیا اس کی قیمت کی تردید کی گئی ہے وہ حکومت کی زیادتی ہے کیونکہ اس وقت عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں خاصی گر چکی ہیں ان کی واقع آ چکی ہے حکومت سے قرارداد کے ذریعے پٹرول اور گیس کی قیمتوں میں فوری کمی کا مطالبہ کیا جائے تاکہ ملک کی عوام کو کچھ ریلیف مل سکے تاکہ عوام اور کاروباری لوگ کچھ سکھ کا سانس لے سکیں۔

جناب سردار ذوالفقار علی خان نصوحہ صاحب اور جناب مرزا محمد ظفر اقبال صاحب نے جناب صدر صاحب کی تجویز کی تائید کرتے ہوئے ہاؤس میں سیمنٹ، گیس اور پٹرول کی قیمتوں میں کمی لانے کیلئے قرارداد پیش کی جس میں ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ایگزیکٹو کمیٹی نے متفقہ طور پر تائید کرتے ہوئے درج ذیل قرارداد پاس کی جو درج ذیل ہے۔

Chamber of Commerce & Industry D.G.Khan SECRETARY GENERAL

# "قرارداد"

ہرگاہ یہ طے کیا جاتا ہے کہ ایگزیکٹو کمیٹی ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری حکومت پاکستان اور وزیراعظم پاکستان سے اس قرارداد کے ذریعے حکومت پاکستان سے مطالبہ کرتی ہے کہ عالمی منڈی میں اس وقت تیل کی قیمتوں میں کمی واقع ہو چکی ہے لہٰذا عالمی منڈی کے تیل کی قیمتوں میں کمی کے مطابق پٹرول کی قیمت میں کمی کا اعلان کرے اور اس کا فوری طور پر عوام کو ریلیف پہنچائے جس طرح حکومت پاکستان نے پندرہ روپے کی کمی اعلان کیا تھا اسے برقرار رکھے تاکہ ملک کی عوام اور کاروباری لوگوں کو فائدہ پہنچے اور وہ سکھ کا سانس لے سکیں اس سے مہنگائی میں کمی واقع آئے گی اور عوام کو سہولت میسر آئے گی مزید اس قرارداد کے ذریعے تمام تعمیراتی میٹریل سستا ہونے کی وجہ سے سمینٹ کی قیمتوں میں خاطر خواہ کمی کا اعلان کرے کیونکہ سیمنٹ میں قیمتوں میں اضافہ کا کوئی جواز نہیں بنتا لہٰذا عوام اور کاروباری لوگوں کو فوری طور پر ریلیف دینے کیلئے تعمیراتی میٹریل میں کمی کے ساتھ سیمنٹ کی قیمت میں جو ہوش ربا اضافہ ہو چکا ہے اس میں فوری کمی کا اعلان کرے تاکہ ملک میں مہنگائی کو کنٹرول کیا جا سکے اور عوام کو ترقی کرنے اور سکون کی زندگی گزارنے مواقع میسر آ سکیں۔

9- عدالت عالیہ لاہور ہائی کورٹ کی جانب سے ایک حکم نامہ جناب سید کمال علی حیدر صاحب، جوائنٹ کمیشن JWEC اور محترمہ حنا حفیظ اللہ اسحٰق صاحبہ، جوائنٹ کمیشن JWEC نے جوڈیشل واٹر اینڈ انوائرنمنٹ کمیشن لاہور کے بذریعہ موصول ہوا جس میں ہائی کورٹ لاہور نے حکم دیا کہ

"2. A direction is issued with regard to the installation of affluent treatment plant, emission control devices and catalytic converters on generators by industries throughout Punjab. In this regard, directions shall be conveyed to the Chamber Commerce and Industries across Punjab for seeking compliance of their Members to these directions. These Chambers shall inform the Members of the commission regarding steps taken for compliance of these directions within four weeks from the order of this court."

ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے یہ آرڈر اپنے تمام انڈسٹریل ممبران کو ای میل، واٹس ایپ، چیمبر ویب سائٹ اور قومی اخبارات کے زریعے پہنچائے۔ جناب خواجہ محمد الیاس صاحب صدر چیمبر نے اس پر عمل درآمد کیلئے تمام ممبران سے پرزور اپیل کی ہے اور ایگزیکٹو کمیٹی کے ایجنڈا کا حصہ بنایا۔

جناب خواجہ محمد الیاس صاحب صدر چیمبر نے سیکریٹری جنرل سے اس مسئلہ پر تفصیلات طلب کیں اس پر جناب صدر صاحب کی اجازت سے سیکریٹری جنرل چیمبر نے ہاؤس کو بتایا کہ عدالت عالیہ لاہور ہائی کورٹ کی جانب سے چیمبر کو ایک حکم نامہ موصول ہوا جس کی کاپیاں آپ تمام ممبران ایگزیکٹو کمیٹی کو فراہم کردی گئی ہیں ان آرڈر کی تعمیل کی سلسلے میں جناب صدر صاحب نے ایک کمیٹی تشکیل دی تھی۔

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry • D.G.Khan • SECRETARY GENERAL

جس کے مطابق اس کمیٹی کے چیئر مین سردار ذوالفقار علی خان نصوحہ تھے اوران کے ساتھ اس کمیٹی میں جناب مرزا محمد ظفر اقبال صاحب سینئر نائب صدر، جناب سرمد سلیم خوجہ صاحب نائب صدر اور جناب شیخ محمد طارق اسماعیل قریشی صاحب سابق سینئر نائب صدر اور ممبر ایگزیکٹو کمیٹی بطور ممبران تھے لہذا اس سلسلے میں جو بھی کارروائی چیمبر کی طرف سے عمل میں لائی گئی اس کی تفصیل اور مزید کارروائی کیلئے جناب صدر صاحب کی اجازت سے جناب سردار ذوالفقار علی خان نصوحہ صاحب چیئر مین کمیٹی سے گزارش کروں گا کہ وہ کارروائی کی تفصیلات سے ہاؤس کو آگاہ فرمائیں اور مزید اقدامات کے بارے میں اجلاس کو مطلع فرمائیں ان آرڈرز کے بعد جو آخری لیٹر ہمیں جوڈیشل واٹر اینڈ انوائرمنٹ کمیشن سے ملا ہے اس کے بارے میں بھی میں سردار صاحب گزارش کروں گا اس کو بارے میں اجلاس کو آگاہ فرمائیں۔

جناب سردار ذوالفقار علی خان نصوحہ صاحب نے ہاؤس کو بتایا کہ جیسے ہی جناب صدر صاحب نے اس سلسلے میں کمیٹی تشکیل دی۔ ہم نے اس پر کام اور کارروائی شروع کر دی سب سے پہلے ہم نے ممبران کی آگاہی کیلئے چیمبر کے آفس میں Facilitation Desk قائم کیا اور اس کے تصاویر اور پریس ریلیز جاری کیا جس میں تمام قومی اخبارات میں ہم عدالت عالیہ ہائی کورٹ کی تعمیل کے بارے ان پر عمل پیرا ہونے کی اپیل کی اس facilitation desk اور پریس ریلیز کی کلپنگ تیار کر کے ہم نے ہائی کورٹ کے آرڈرز سمیت ان کی کاپیاں تمام ممبران کو سرکلیٹ کی، تمام ممبران کو ای میل، واٹس ایپ کیں اور ان کو اپنے چیمبر کی ویب سائیٹ پر اپ لوڈ کیا اور ساتھ ہی چیمبر سے ایک سرکلر بھی جاری کیا جس کے ساتھ ہائی کورٹ کے آرڈرز کی کاپیاں ساتھ لف کیں اور بروقت تمام معلومات اپنے تمام انڈسٹریل ممبران تک پہنچائیں۔ کمیٹی نے اپنی طرف سے ہر ممکن کوشش کی کہ ان آرڈرز کی تعمیل کرائی جائے جو حکومت چاہتی ہے اس پر چیمبر کی طرف ہر ممکن کوشش کی کہ اس پر عمل کیا ئے۔ تاہم 31 مئی کو جوڈیشل واٹر اینڈ انوائرمنٹ کمیشن لاہور حکومت پنجاب کی جانب سے ایک لیٹر ای میل کے ذریعے موصول ہوا ہے جس میں انہوں چیمبر بلکہ آل پنجاب چیمبرز سے انڈسٹریل ممبران کی تفصیلی لسٹ منگوائی ہے ان کے ممبران کی لسٹ میں تمام معلومات جو ممبران سے متعلقہ ہیں وہ طلب کی جس کے مطابق نمائندہ اور مالک کا نام، کمپنی کا نام، کمپنی کا ایڈریس، ای میل ایڈریس، رابطہ نمبر وغیرہ اس کے مطابق ایک لسٹ مرتب کر کے بھیجنی ہے اس بارے میں جناب صدر صاحب اور آپ تمام ممبران ایگزیکٹو کمیٹی کی اجازت اور رائے ضروری ہے کہ اس سلسلے میں ہمیں کیا کرنا چاہیئے۔

اس پر جناب خواجہ محمد الیاس صاحب صدر ایوان نے فرمایا کہ جس طرح آپ نے عدالت عالیہ ہائی کورٹ لاہور کی آرڈرز کی تعمیل کرائی اور ان پر جو اقدامات کئے وہ انتہائی ضروری تھے اور ایسا کرنا بہت ضروری تھا آپ نے اس سلسلے میں آخری حد تک کوشش کی ہے اور آپ کا اور چیمبر کا یہی حق بنتا تھا آپ نے اس بارے میں کوئی کمی نہیں رکھی۔ چیمبر نے جو فوری اور ضروری اقدامات اور کارروائی کرنی تھی وہ کی ہے اب میری طرف سے تمام متعلقہ اداروں اور انڈسٹریل ممبران سے درخواست ہے عدالت عالیہ کے حکم پر عملدر آمد کو یقینی بنائیں ہماری اور ہمارے ادارے کے عدالت عالیہ کے حکم پر عمل درآمد کرانا فرائض میں شامل ہے۔ اس پر میں ایک مرتبہ پھر پر زور اپیل کرتا ہوں کہ ان آرڈرز کی تعمیل اور عمل درآمد کو یقینی بنائیں اس میں ہماری، ہمارے ملک کی اور پوری قوم کی بقا ہے۔

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry • D.G.Khan • SECRETARY GENERAL

**8- ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی نئی ممبر شپ کیلئے آنے والی درخواستوں کی منظوری۔**

سیکریٹری جنرل چیمبر نے جناب خواجہ محمد الیاس صاحب صدر چیمبر اور ممبران ایگزیکٹو کمیٹی کے کہنے پر گزشتہ ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگ کے بعد سے لے کر اب تک چیمبر کی رکنیت کے لئے آنے والی مندرجہ ذیل نئی ممبر شپ درخواستوں اور انکے کوائف کے بارے میں ہاؤس کو آگاہ کیا۔ ہاؤس نے ان درخواستوں کو درست قرار دیتے ہوئے انہیں چیمبر کی ممبر شپ کیلئے منظور کر کے درج ذیل قرارداد کی توثیق کر دی۔ موصولہ درخواستوں کی تفصیل درج ذیل ہے۔

**ایسوسی ایٹ کلاس:-**

| | | |
|---|---|---|
| 1- | جناب عبدالمجید صاحب | میسرز سلطان ٹریڈرز، فتح پور، ضلع لیہ۔ |
| 2- | جناب عبدالعزیز صاحب | میسرز عبدالعزیز ٹریڈرز، پوسٹ آفس کالا، انڈس ہائی وے، ڈیرہ غازیخان۔ |
| 3- | جناب کامران عباس صاحب | میسرز نیشنل ٹریکٹرز کمپنی، پل پیارے والی، ڈیرہ غازیخان۔ |
| 4- | جناب محمد جنید گل صاحب | میسرز پاور ٹیک انجینئرنگ، ناصر پلازہ، خیابان سرور، ڈیرہ غازیخان۔ |
| 5- | جناب شعیب منظور صاحب | میسرز علی بابا بریانی اینڈ فوڈ پوائنٹ، چوک گودر ملتان روڈ، مظفر گڑھ۔ |
| 6- | جناب محمد آصف صاحب | میسرز گلوبل سروسز، ظفر کالونی، مظفر گڑھ۔ |
| 7- | جناب یاسر لطیف صاحب | میسرز یاسر پراپرٹی ایڈوائزر، گلبرگ ہاؤسنگ سکیم، ملتان روڈ، ڈیرہ غازیخان۔ |
| 8- | جناب شیخ سنیع سجاد صاحب | میسرز فیض سجاد ایگریکلچر فارم، انڈس ہائی وے تونسہ بائی پاس روڈ، ڈیرہ غازیخان۔ |

**کارپوریٹ کلاس:-**

| | | |
|---|---|---|
| 1- | جناب فاروق احمد صاحب | میسرز فاروق احمد سٹون سپلائیرز، چوکی والا، تونسہ روڈ، ڈیرہ غازیخان۔ |
| 2- | جناب ساوید مظہر جاوید صاحب | میسرز الائنس سرجی ٹیک پرائیویٹ لمیٹڈ، بلاک نمبر 37، ڈیرہ غازیخان۔ |
| 3- | جناب فیصل قمر صاحب | میسرز الحسین اینڈ کمپنی، چانڈیہ ہاؤس، پرانی تھل کوٹ، مظفر گڑھ۔ |
| 4- | جناب ملک ظفر اقبال کھنڈوا صاحب | میسرز المنظور کاٹن ٹریڈرز اینڈ آئل ملز، کوئٹہ روڈ، ڈیرہ غازیخان۔ |
| 5- | جناب ناصر تنویر صاحب | میسرز لکھ داتا فلور ملز، سخی سرور روڈ، ڈیرہ غازیخان۔ |
| 6- | جناب مشتاق حیدر کھوسہ صاحب | میسرز رحمت اینڈ سنز، رحمت آئل ملز، جام پور روڈ، ڈیرہ غازیخان۔ |
| 7- | جناب مہر مزمل اعجاز صاحب | میسرز لیہ سیڈ کارپوریشن پرائیویٹ لمیٹڈ، ملتان روڈ، چمن شاہ لیہ۔ |

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry
SECRETARY GENERAL
D.G.Khan

8- جناب کامران اسلم خان لغاری صاحب میسرز طارق اینڈ کو، گورنمنٹ کنٹریکٹر، فورٹ منرو، ڈیرہ غازیخان۔

9- جناب سکندر بخش خان کھتران صاحب میسرز بلوچ ٹرانسپورٹ کمپنی، فریدی بازار، ڈیرہ غازیخان۔

10- جناب محمد زین صاحب، میسرز فیصل فارما، بخی روڈ بالمقابل سی ایس ڈی مارکیٹ، ڈیرہ غازیخان۔

## "قرارداد"

"ہرگاہ ہاؤس کو چیمبر کی رکنیت حاصل کرنے کیلئے وصول ہونے والی ایسوسی ایٹ کلاس کی آٹھ اور کارپوریٹ کلاس نو کل سترہ درخواستوں کے کوائف سے آگاہ کیا گیا۔ ہاؤس مذکورہ درخواستوں کی توثیق کرتے ہوئے انہیں چیمبر کی رکنیت کیلئے متفقہ طور سے منظور کرتا ہے۔"

9- کوئی اور مسئلہ باجازت صدر۔

اجلاس میں سردار جان عالم خان لغاری صاحب سینئر ممبر چیمبر اور مرکزی انجمن تاجران کے سٹی صدر نے جناب خواجہ محمد الیاس صاحب صدر صاحب کی اجازت سے اجلاس کو بتایا کہ سردار فاروق احمد خان لغاری انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو بند کر دیا گیا تھا۔ یہ ایئرپورٹ جب تک آپریشنل تھا انتہائی کامیاب اور منافع بخش تھا ملتان ایئرپورٹ کو کامیاب کرانے کیلئے یہ ایئرپورٹ بند کیا گیا تھا یہاں سے دوبئی کی پروازیں فل جا رہی تھیں اور اسے توسیع دینے کی بھی منظوری بھی ہو گئی تھی اس کو بحال کرانے کا حکومت پاکستان سے مطالبہ کیا جائے اس پر جناب شیخ محمد طارق اسماعیل قریشی صاحب سابق سینئر نائب صدر نے مزید کہا کہ ایئرپورٹ پر نائٹ لینڈنگ اور کارگو کی سہولیات کی فراہمی کا بھی چیمبر آف کامرس کی طرف سے مطالبہ کیا جائے۔ جناب سردار ذوالفقار علی خان نصوحہ صاحب نے فرمایا کہ ہاؤس متفقہ طور پر ایک قرارداد منظور کرتا اور میری ای رائے ہے کہ اس قرارداد کے ذریعے حکومت پاکستان اور محکمہ سول ایوی ایشن کو منظوری کیلئے چیمبر کی طرف سے لیٹر بھی لکھا جائے۔

جناب خواجہ محمد الیاس صاحب صدر چیمبر نے اس پر سیکریٹری جنرل کو مزید تاکید کی ایئرپورٹ بحالی کی منظوری کیلئے حکومت پاکستان، وزیراعظم پاکستان اور سول ایوی ایشن کو چیمبر کی طرف سے جو لیٹر لکھا جائے اس میں اس ایئرپورٹ کو آؤٹ سورس کرنے کے بارے میں بھی لکھا جائے تو یہاں سے پھلوں اور دیگر اشیا کی برآمدات کو بھی فروغ ملے گا اور بلوچستان اور نواحی علاقوں کے ہزاروں مسافروں کو پھر سے ہوائی سفر کی سہولت حاصل ہو جائیگی۔ اس پر اجلاس میں حاضر اراکین ایگزیکٹو کمیٹی نے متفقہ طور ان تجاویز کی تائید کرتے ہوئے درج ذیل قرارداد پاس۔

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry • D.G.Khan •
SECRETARY GENERAL

## "قرارداد"

ہرگاہ یہ طے کیا جاتا ہے اوراس قرارداد کے ذریعے ایگزیکٹو کمیٹی ڈیرہ غازی خان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری متفقہ طور پر جناب محمد شہباز شریف صاحب وزیراعظم پاکستان اورسول ایوی ایشن ڈیپارٹمنٹ سے مطالبہ کرتی ہے سردار فاروق احمد خان لغاری انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو بند کررکھا ہے جبکہ یہ ایئرپورٹ جب تک آپریشنل تھا انتہائی کامیاب اور منافع بخش تھا ملتان ایئرپورٹ کو کامیاب کرنے کیلئے اسے بند کیا گیا تھا یہاں سے دبئی کی پروازیں جارہی تھیں اوراسے مزید توسیع دینے کی منظوری بھی ہوگئی تھی۔اس قرارداد کے ذریعے مطالبہ کیا جاتا ہے کہ سردار فاروق احمد خان لغاری ایئرپورٹ کوفوری طور پر بحال کیا جائے ایئرپورٹ پر نائٹ لینڈنگ اور کارگو کی سہولیات بھی فراہم کی جائیں ۔ایئرپورٹ کو آؤٹ آف سورس کردیا جائے تاکہ یہاں سے پھلوں اور دیگر اشیا کی برآمدات کو بھی فروغ مل سکے اس ایئرپورٹ کی بحالی سے بلوچستان اوراس کے نواحی علاقوں کے ہزاروں مسافروں کو پھر سے سفر کی سہولیات حاصل ہوجائیں گی اور ملک کو کثیر زرمبادلہ حاصل ہوگا۔

اس کے بعد جناب خواجہ محمد الیاس صاحب صدرایوان نے اجلاس میں حاضر تمام اراکین سے دریافت کیا کہ اگرکسی معزز ممبر کو کوئی اور مسئلہ درپیش ہے تو وہ بیان کرے ہماری بھرپور کوشش ہوگی کہ اس کوحل کیا جائے لیکن جناب صدرصاحب کے استفسار کرنے پر کسی ممبر کی طرف سے کوئی مسئلہ پیش نہ کیا گیا جس پر جناب خواجہ محمد الیاس صاحب صدرایوان نے اجلاس کے باقاعدہ اختتام سے قبل اراکین کی آمد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آج اراکین نے نہایت اہم اور توجہ طلب نکات پیش کئے جبکہ دیگر ایجنڈا بھی اہم تھا جس پر سیر حاصل بحث کی گئی اور وہ امید کرتے ہیں آئندہ اجلاسوں میں بھی اسی دلچسپی کو برقرار رکھا جائے گا۔اس کے ساتھ ہی جناب صدرصاحب نے اجلاس کے اختتام پذیر ہونے کا اعلان کیا جس کے بعد اشیاخورونوش سے حاضرین کی تواضع کی گئی۔جس پر تمام حاضراراکین نے ان کی اس پرخلوص دعوت پر شکریہ ادا کیا۔

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry • D.G.Khan • SECRETARY GENERAL

(محمد مجاہد)

سیکریٹری جنزل

ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری